

4713CH07

# بہار



آیا ہے بہار کا زمانہ — باغوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں — ساری روشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ اُن کی خوشبو — پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سُو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے — سُنتے ہیں پھول چمن میں سارے

© NCERT not to be republished



کتنی راحت فزا ہوا ہے
گویا جنّت کا در کھلا ہے
خوش خوش ہر ایک آدمی ہے
ہر شے میں بلا کی دلکشی ہے
کیسی دل‌چسپ چاندنی ہے
چاندنی ایک نور کی تنی ہے
ہر دل میں امنگ کس قدر ہے
سب پر ہی بہار کا اثر ہے

سڑکوں پر جو لوگ جا رہے ہیں
غزلیں افسؔر کی گا رہے ہیں

افسؔر میرٹھی



© NCERT not to be republished

## معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| نکھار | : | تازگی، صفائی، اُجلاپن، خوبصورتی |
| چٹک رہی ہیں | : | کِھل رہی ہیں، کلیوں کا کھلنا |
| روشیں | : | روش کی جمع، کیاریوں کے درمیان کے راستے |
| ہرسُو | : | ہرطرف، ہرجانب |
| راحت فزا | : | آرام کو بڑھانے والا |
| بَلا کی دلکشی | : | دِل کو بے حد لبھانے والی |
| امنگ | : | جوش، ولولہ، ترنگ |

© NCERT not to be republished

## سوچیے اور بتایئے۔

1. باغوں پر نکھار آنے کی کیا وجہ ہے؟
2. روشیں کیوں مہک رہی ہیں؟
3. ''جنّت کا در کھلا'' ہونے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
4. چاندنی کیسی لگ رہی ہے؟
5. سڑکوں پر جانے والے لوگ کیا گا رہے ہیں؟

## مصرعے مکمل کیجیے۔

آیا ہے __________ کا زمانہ
کلیاں کیا کیا __________ رہی ہیں
چڑیاں گاتی ہیں __________ پیارے
گویا جنّت کا __________ کھلا ہے

ہر دل میں ________________ کس قدر ہے
سب پر ہی ________________ کا اثر ہے
غزلیں ________________ کی گا رہے ہیں

## نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

نکھار　چٹک　مہک　ہرسُو　دلکشی　چاندنی　امنگ

## مصرعوں کو صحیح ترتیب سے لکھ کر شعر مکمّل کیجیے۔

آیا　ہے　بہار　کا　زمانہ
گویا　جنت　کا　در　کھُلا　ہے
ہر　دل　میں　امنگ　کس　قدر　ہے
باغوں　کے　نکھار　کا　زمانہ
کتنی　راحت　فزا　ہوا　ہے
سب　پر　ہی　بہار　کا　اثر　ہے

© NCERT not to be republished

## عملی کام

- اس نظم کے اُن اشعار کا مفہوم لکھیے جو آپ کو پسند ہوں۔
- اپنے پسندیدہ موسم پر پانچ جملے لکھیے۔

## غور کرنے کی بات

- اس نظم کے ایک مصرعے میں شاعر نے ''بلا کی دلکشی'' لفظ استعمال کیا ہے اسی طرح اس لفظ کا استعمال شدّت کے طور پر کیا جاتا ہے۔ جیسے بلا کی گرمی ہے، بلا کی اُمس ہے، بلا کی آندھی ہے، بلا کا شور ہے وغیرہ۔